QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 99

صحت مند کارکن کمپنی میں قیمتی سرمایہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔انجینئر یوسف شاہ خان
چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو نے واپڈا ہسپتال کوئٹہ اور سٹی آپریشن ڈویژن کے دفتر کا دورہ کیا

کوئٹہ:22 اکتوبر 2025ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر یوسف شاہ خان نے کہا ہے کہ صحت مند کارکن ہمارا قیمتی سرمایہ کی حیثیت رکھتے ہیں اور کیسکو اپنے تمام افسران وملازمین کو جدید طبی سہولیات کی فراہمی کو اولین ترجیح دیتی ہے۔یہ بات انھوں نے واپڈا ہسپتال کوئٹہ کے دورہ کے موقع پر افسران اور طبی عملہ سے گفتگو کے دوران کیا۔اس موقع پر کیسکو کے سینئر افسران اور واپڈا ہسپتال کوئٹہ کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر مسز الفت کے علاوہ سینئر ڈاکٹرز اور دیگر ملازمین بھی موجود تھے۔کیسکو چیف نے بہترین طبی سہولیات کی فراہمی پر ہسپتال انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کو اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ واپڈا ہسپتال کوئٹہ نے چیف ایگزیکٹو کیسکو کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ملازمین کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے کیسکو حکام سے مسلسل رابطے میں ہوتے ہیں اور موجودہ وسائل میں رہتے ہوئے ہسپتال کے تمام سپیشلسٹ ڈاکٹر، پیرامیڈیکل اور ٹیکنکل سٹاف بھرپور محنت اور لگن سے فرائض انجام دے رہے ہیں ۔بعدازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے واپڈا ہسپتال کے لیبارٹری، میڈیسن سیکشن اور مختلف وارڈز کا بھی معائنہ کیا۔ دریں اثناء چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر یوسف شاہ خان نے بدھ کے روز کوئٹہ سٹی ڈویژن کے دفتر کا بھی دورہ کیا۔اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر نے کیسکو چیف کو ڈویژن کی کارکردگی سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے برقی میٹروں کی سیکورنگ اور اسپیشل کامبنگ، نادہندگان سے بقایاجات کی وصولی اور بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کے بارے میں آگاہ کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے کہا کہ لائن لاسز میں کمی، بجلی چوری کا خاتمہ اور ہر فیڈر پر انچارج مقرر کیا جائے اور رات کے اوقات کار میں بھی بجلی کنکشنز کی چیکنگ کا عمل شروع کیا جائے اور بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف جرمانہ سمیت مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے کہا کہ نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف جاری کارروائیوں کی رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر مرتب کیا جائے۔اسکے علاوہ میٹر ریڈنگ عملہ بھی اپنے اپنے متعلقہ علاقوں میں بجلی چوروں کی نشاندہی کرنے کے ساتھ ساتھ بلنگ کے عمل کو بھی بروقت مکمل کریں تاکہ صارفین کو اُنکے استعمال شدہ یونٹس کے مطابق بل کی فراہمی ممکن بنایا جاسکے۔اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو نے سٹی ڈویژن میں اسٹاف سے ملاقات کیں اور انہوں نے کمرشل پراسیس سے متعلق دفتری ریکارڈ بھی چیک کئے۔

# # #

نمبر: کیسکو پی آر 100

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ:22 اکتوبر 2025ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی لائنوں کی ضروری مرمت اور ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں 23 اکتوبر کو سریاب گرڈ اسٹیشن کے سریاب ون، سریاب ٹو، نیو جان محمد اولڈ جان محمد، اولڈ لیاقت بازار فیڈرز جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ویسٹرن بائی پاس، جبل نور، دوستین، خروٹ آباد، داریم فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہے گی نیز اسی روز کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11Kv ملک پلانٹ، شہباز ٹاون فیڈرز صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک جبکہ زرغون گرڈ کے نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسکے علاوہ 24 اکتوبر کو سریاب گرڈ اسٹیشن کے کرانی، ہزارہ ٹاون، خیر بخش مری، جڑ سا، سمنگلی ایکسپریس، واسا، انڈسٹریل، سرکی روڈ، اولڈ سیٹلائٹ ٹاون فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ انڈسٹریل گرڈ کے عاصم آباد اور انڈسٹریل فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری مرمت کے کاموں کیلئے 23 اکتوبر کو قلعہ عبداللہ گرڈ اسٹیشن سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ شاہرگ اور ہرنائی گرڈ اسٹیشن سے صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہیگی۔ تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔